# طے شدہ سرجری

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

the women's
the royal women's hospital

سرجری سے پہلے کئی باتوں پر غور کرنا ہوتا ہے۔ ان معلومات کے ذریعےوضاحت کی گئی ہے کہ سرجری کی بُکنگ کیسے کی جاتی ہے،اسپتال میں کیا چیزیں ساتھ لانی ہیں، اُس دن کیا توقع کی جائے، اور اگر آپ کا ارادہ بدل جائے تو کیا کرنا ہے۔

## سرجری سے پہلے – پیشگی منصوبہ بندی

**س: میری چھٹیاں پہلے سے طے ہیں۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**ج:**اپنی نرس کو ضرور اطلاع دیں اگر کسی بھی وجہ سے آپ سرجری کے لیے دستیاب نہ ہوں ۔ آپ کو انتظار کی فہرست (جسے تیاری کی فہرست بھی کہا جاتا ہے) سے نہیں نکالا جائے گا، لیکن ہمیں یہ جاننا ضروری ہے تاکہ ہم اس دوران آپ کو بطور "ذاتی طور پر نگہداشت کے لیے تیار نہیں" کے طور پر درج کر سکیں۔

**س: "ذاتی طور پر نگہداشت کے لیے تیار نہیں" کا کیا مطلب ہے؟**

**ج:** زندگی میں بہت کچھ چلتا رہتا ہے – جیسے چھٹیاں، کام یا تعلیم۔ اگر آپ اس وقت سرجری نہیں کروا سکتیں، تو آپ اس میں تاخیر کی درخواست کر سکتی ہیں۔ اسے "ذاتی طور پر نگہداشت کے لیے تیار نہیں" کہا جاتا ہے۔

بس اپنی نرس کو اطلاع دیں۔ آپ کی سرجری کی قسم پر منحصر ہے، آپ درج ذیل مدت تک سرجری مؤخر کر سکتی ہیں:

- زمرہ 1 – 30 دن تک
- زمرہ 2 – 90 دن تک
- زمرہ 3 – 180 دن تک

اس دوران انتظار کی فہرست میں آپ کی جگہ کو "عارضی طور پر روک" دیا جائے گا۔ آپ یہ تاخیر دو مرتبہ کروا سکتی ہیں، اگر یہ مذکورہ مدت کی حدود میں ہو۔

آپ کا شمار کس زمرہ میں ہوگا ؟ یہ اس خط میں بتایا گیا ہے جو آپ کو انتظار کی فہرست میں شامل کرتے وقت بھیجا گیا تھا۔ اگر آپ نے وہ خط گم کر دیا ہے تو براہ کرم پیر سے جمعہ، صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک(03) 8345 3335 پر کال کریں۔

**س: میری سرجری کسی اور اسپتال میں ہو چکی ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**ج:** ہم آپ سے اسپتال کا نام اور سرجری کی تاریخ دریافت کریں گے تاکہ اپنے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کر سکیں۔

**س: میں نے نیا پتہ اختیار کیا ہے یا اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنا ہے۔ میں کس کو اطلاع دوں؟**

**ج:** اگر آپ کی معلومات میں کوئی تبدیلی آئے – جیسے پتہ، فون نمبر، ای میل، یا قریبی رشتہ دار – تو ہماری طے شدہ سرجری کی ٹیم سے رابطہ کریں۔

پیر سے جمعہ، صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک

(03) 8345 3335 پر کال کریں۔

## آپ کی سرجری کی بکنگ

**س: میری سرجری کب بُک ہوگی؟**

**ج:** جب سرجری کی تاریخ دستیاب ہوگی تو ہم آپ کو فون یا ٹیکسٹ میسج کے ذریعے اطلاع دیں گے۔ ہم کوئی خط نہیں بھیجیں گے۔

جب آپ کی سرجری کنفرم ہو جائے گی ، توہم آپ کو ای میل بھیجیں گے۔ اگرآپ کے پاس ای میل ایڈریس نہیں ہے ، تو ہم آپ کو ایک خط لکھیں گے۔

**س: سرجری کی باضابطہ پیشکش کیا ہوتی ہے؟**

**ج:** سرجری کی باضابطہ پیشکش وہ ہوتی ہے جب ہم آپ کو کم از کم 2 ہفتے پہلے سرجری کی تاریخ دیتے ہیں۔ آپ کو درج ذیل میں سے کسی ایک صورت میں پیشکش مل سکتی ہے:

- 2باضابطہ پیشکشیں، یا
- 1باضابطہ پیشکش، اگر آپ پہلے ہی اپنی "نگہداشت کے لیے تیار نہیں" کی پوری مدت استعمال کر چکی ہیں۔

اگر آپ یہ پیشکش قبول نہ کر سکیں، تو ہم آپ کا نام انتظار کی فہرست سے نکال دیں گے اور نوٹ کریں گے کہ آپ نے سرجری سے انکار کیا ہے۔

**س: قلیل نوٹس پر سرجری کی پیشکش کیا ہوتی ہے؟**

**ج:** جب ہم آپ کو سرجری کی تاریخ دو ہفتے سے کم وقت کے نوٹس پر دیتے ہیں تو اسے قلیل نوٹس پر سرجری کی پیشکش کہا جاتا ہے۔ آپ کو قلیل نوٹس پر دی گئی پیشکش کو قبول کرنا ضروری نہیں۔ اگر آپ انکار کریں تو آپ کی فہرست میں جگہ ضائع نہیں ہوگی۔

## اسپتال پہنچنا

**س: کیا آپ میرے لیے سواری کا انتظام کریں گے؟**

**ج:** نہیں، ہم سواری کا انتظام نہیں کرتے۔

آپ کو اسپتال آنے اور واپس جانے کے لیے خود اپنی سواری کا انتظام کرنا ہوگا۔ براہ کرم کسی خاندانی فرد، دوست، سرپرست یا سپورٹ ورکر سے مدد لیں۔ انہیں آپ کی سرجری کے دوران اسپتال میں رکنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن اگر وہ چاہیں تو وہ خواتین اسپتال کی پہلی منزل کے لاؤنج میں، گراؤنڈ فلور پر ویلکم سینٹر میں، یا قریبی کیفیز میں انتظار کر سکتے ہیں۔

آپ پبلک ٹرانسپورٹ، ٹیکسی یا رائیڈ شیئر کے ذریعے اسپتال آ اور جا سکتی ہیں۔ لیکن اگر آپ کو جنرل اینستھیزیا دیا گیا ہو، تو آپ کے ساتھ کسی کا گھر واپس جانا ضروری ہے۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر سفر کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتی ہیں:
thewomens.org.au/patients-visitors/your-visit/transport-parking

**س: اگر میں دور دراز علاقے میں رہتی ہوں تو کیا ہوگا؟**

**ج:** اگر آپ کے خاندان یا دوست میلبورن میں رہتے ہیں تو اُن کے ساتھ ٹھہرنے پر غور کریں۔ آپ ہماری ویب سائٹ پر قریبی رہائش کے اختیارات بھی دیکھ سکتی ہیں:

thewomens.org.au/patients-visitors/your-visit/accommodation-options

**س: کیا مجھے سرجری سے ایک رات پہلے اسپتال میں داخل کیا جائے گا؟**

**ج:** نہیں۔ ایسا صرف بہت ہی غیر معمولی صورتوں میں ہوتا ہے جب طبی لحاظ سے ضروری ہو۔ اگر ایسا ہوا تو آپ کی نرس آپ کے لیے اس کا انتظام کریں گی۔

## سرجری کے دن کی تیاری

**س: مجھے کس وقت اسپتال آنا چاہیے؟**

**ج:** ہم آپ کو آپ کی سرجری سے ایک دن پہلے، ہفتے کے کسی بھی ورکنگ دن پر، ایک ٹیکسٹ میسج بھیجیں گے۔ اس میں یہ بتایا جائے گا کہ آپ کو کس وقت آنا ہے اور کب کھانا پینا بند کرنا ہے۔

**س: مجھے اپنے ساتھ کیا لانا چاہیے؟**

**ج:** براہ کرم درج ذیل اشیاء ساتھ لائیں:

- اپنا میڈی کیئر کارڈ – اگر آپ کے پاس نہیں ہے تو (03) 8345 3012 پر کال کریں
- ہیلتھ کیئر کارڈ، اگر آپ کے پاس ہے
- پرائیویٹ ہیلتھ انشورنس کارڈ، اگر آپ کے پاس ہے
- وہ تمام دوائیں جو آپ استعمال کر رہی ہیں، بشمول ہربل دوائیں یا وٹامنز
- کچھ پڑھنے کے لیے
- اپنا فون اور چارجر
- ڈھیلے اور آرام دہ کپڑے
- چشمہ، اگر آپ چشمہ پہنتی ہیں
- CPAP مشین (صاف کی ہوئی)، اگر ضرورت ہو
- اپنے کپڑوں اور دیگر اشیاء کے لیے ایک چھوٹا زپ اپ بیگ
- پانی کی دوبارہ قابل استعمال بوتل- عملہ اسے فلٹرشدہ پانی کے ساتھ دوبارہ بھر دے گا۔ سرجری سے پہلے، زیور اور چھیدوں میں بالیاں وغیرہ اتار دیں۔ قیمتی چیزوں کو گھرپر چھوڑکر آئیں۔

**س: اگر مجھے حیض (پیریڈز) ہو رہے ہوں تو کیا میں پھر بھی سرجری کروا سکتی ہوں؟**

**ج:** جی ہاں۔ براہ کرم اپنے سینیٹری پیڈز یا پیریڈ انڈرویئر ساتھ لائیں۔ ٹیمپون یا مینسٹرول کپ استعمال نہ کریں۔

## سرجری کے دن

**س: سرجری کے دن میں کن لوگوں سے ملوں گی؟**

**ج:** آپ سرجیکل ٹیم کے ایک رکن، ایک اینستھیزیا کے ڈاکٹر، اور ڈے سرجری کی نرسوں سے ملاقات کریں گی۔

**س: کیا میں اپنے لیے میڈیکل سرٹیفکیٹ اور اپنے سپورٹ ورکر کے لیے کیئررز سرٹیفکیٹ حاصل کر سکتی ہوں؟**

ج: جی ہاں۔ براہ کرم سرجری کے دن اپنے معالج ٹیم سے درخواست کریں۔

**س: میں ہسپتال میں ادویات کہاں سے لے سکتی ہوں؟**

**ج:** آپ لیول 1 پر رائل ویمنز اسپتال فارمیسی سے اپنی ادویات لے سکتی ہیں۔ آپ کو اس دن تمام ادویات کی ادائیگی خود کرنی ہوگی۔

## سرجری کے بعد

**س: مجھے کام سے کتنے دن کی چھٹی لینا پڑے گی؟**

**ج:** یہ آپ کی سرجری، صحت یابی، کسی ممکنہ پیچیدگی، اور آپ کے کام کی نوعیت پر منحصر ہے۔ اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں تو آپ کی نرس آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ سرجری کے دن آپ کا ڈاکٹر آپ کو کام سے چھٹی کے لیے میڈیکل سرٹیفکیٹ دے گا۔ اگر آپ کو مزید وقت درکار ہو تو اپنے جی پی (فیملی ڈاکٹر) سے رابطہ کریں۔

## مددگار سہولیات

**س: اگر مجھے اضافی مدد کی ضرورت ہو تو کیا کروں؟**

**ج:** اگر آپ کو درج ذیل میں سے کسی چیز کی ضرورت ہو تو براہ کرم ہمیں ضرور بتائیں:

- آپ کو کوئی معذوری ہے
- آپ کو مترجم یا کسی ثقافتی معاونت کی ضرورت ہے

ہماری سہولیات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: thewomens.org.au/patients-visitors/clinics-and-services/support-services

## کیا آپ کو مترجم کی ضرورت ہے؟

Interpreter

اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہو تو آپ درخواست کر سکتی ہیں۔

## گھریلو تشدد سے متعلق معاونت

**1800ریسپیکٹ نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ نے جنسی زیادتی، گھریلو یا خاندانی تشدد یا بدسلوکی کا سامنا کیا ہے تو آپ مدد حاصل کر سکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1800 737 732
1800respect.org.au

**دستبرداری:** یہ معلوماتی شیٹ صرف عمومی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اپنی صحت کی ضروریات سے متعلق مخصوص مشورے کے لیے آپ کو کسی ماہر صحت سے رجوع کرنا چاہیے۔ رائل ویمنز ہسپتال اس معلوماتی شیٹ پر انحصار کرنے کی وجہ سے ہونے والے کسی بھی نقصان یا ضرر کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، خاص طور پر جب آپ نے کسی ماہر صحت سے رجوع نہ کیا ہو۔ اگر آپ کو فوری طبی امداد درکار ہو تو براہ کرم اپنے قریبی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

© The Royal Women's Hospital 2026